اہل حدیث یوتھ فورس جہلم کے ناظم مالیات شیخ عبداللہ کو صدمہ

حاجی ابراہیم مرحوم کے خانوادہ سے تعلق رکھنے والے مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث کے مستقل نمازی شیخ عبدالرؤف صاحب ۱۹ مئی جمعۃ المبارک کی شب انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے خوش اخلاق، ملنسار اور متدین تھے۔ وفات والے روز نماز جمعہ انہوں نے مسجد میں ادا کی۔ اور عشاء کی نماز بھی باجماعت ادا کی۔ مرحوم نے پسماندگان میں ایک بیٹا (محمد عبداللہ) اور چھ بیٹیاں چھوڑیں ہیں۔ ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ علامہ مدنی صاحب نے پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ ان کی نیکیوں کو قبول فرمالے۔ اور غلطیوں سے درگزر فرمائے۔

باؤ محمد سلیمان، میاں عبدالعزیز نظامی، میاں کبیر احمد، محمد الیاس اور زبیر اختر نظامی صاحبان کو صدمہ

ان کے والد محترم میاں عبدالمجید نظامی کا سانحہ ارتحال

مقامی جماعت کے بزرگ اراکین میں سے نظامی فیملی کے سربراہ جناب میاں عبدالمجید نظامی صاحب مورخہ ۲۶ مئی بروز جمعہ صبح ساڑھے پانچ بجے رضائے الٰہی سے وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی جماعت اہلِ حدیث کے فروغ کے لیے بڑی خدمات تھیں۔ مرحوم صوم و صلوۃ کے پابند، بڑے متقی اور پرہیزگار تھے۔ مرحوم کی وفات سے ورثاء کو جو صدمہ پہنچا ہے مقامی جماعت اس میں برابر کی شریک ہے۔ مرحوم کی نماز جنازہ میں مقامی جماعت بڑی بھاری تعداد میں شرکت کی ان کی نماز جنازہ حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

رحمت الٰہی صاحب اور فضل الرحمان صاحب کو صدمہ

جامعہ علوم اثریہ کے پڑوسی رحمت الٰہی صاحب کی اہلیہ اور فضل الرحمان صاحب کی والدہ محترمہ گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ فضل الرحمان صاحب نوجوان ہیں اس کے باوجود جامع مسجد سلطان اہلحدیث کے مستقل نمازی ہیں۔ اس عمر میں انہیں والدہ کی وفات کا صدمہ برداشت کرنا پڑا۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی والدہ کے لیے صدقہ جاریہ بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

ادارہ "حرمین" و جامعہ علوم اثریہ و جماعت اہل حدیث جہلم

مذکورہ بالا مرحومین کے پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعاگو ہیں کہ اللہ رب العزت ان کے صغیرہ کبیرہ گناہوں کو معاف فرمائے اور اعلیٰ علیین میں بلند مقام عطا فرمائے آمین۔

اللهم اغفر لهم وارحمهم وأعذهم من فتنة القبر و عذاب النار۔